# The Gujranwala Chamber of Commerce & Industry

# گوجرانوالہ ایوانِ صنعت و تجارت

Since 1978

Chamber Plaza, Aiwan-e-Tijarat Road, Gujranwala-Pakistan.




مجلس عاملہ کا اجلاس منعقدہ 24 جون 2023ء

کی حاضری

| | | |
|---|---|---|
| -1 | جناب ضیاء الحق | میسرز عمر فینسی اینڈ بوتیک شاپ نمبر 10 جناح بازار گوجرانوالہ |
| -2 | جناب جمیس گلزار | میسرز جی ایچ ایم پرائیویٹ لمیٹڈ طیبہ روڈ باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| -3 | جناب عادل ندیم | میسرز فجر ٹریڈنگ بلمقابل ڈاکٹر نواز محسن گل روڈ گوجرانوالہ |
| -4 | جناب محمد شعیب بٹ | میسرز جی۔ایم انڈسٹری عالم چوک حافظ آباد روڈ گوجرانوالہ |
| -5 | جناب آفاق ایوب | میسرز سروس یونٹ (ایچ۔ایم عبداللہ اینڈ سنز' حافظ آباد روڈ گوجرانوالہ |
| -6 | جناب وقاص افضل | میسرز زیڈ اینڈ زیڈ سپورٹس ویئر نیر یو۔بی۔ایل شاہین آباد جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| -7 | جناب شاہد الرحمان | میسرز سپر فائن انڈسٹری اسلامیہ کالج روڈ نزد درزیاں والی کوٹھی محلہ اقبال گنج گلی نمبر 7 مکان نمبر 3002 گوجرانوالہ |
| -8 | جناب محمد عمران | میسرز فرحان سلک فیکٹری رتہ روڈ فرید ٹاؤن گوجرانوالہ |
| -9 | جناب ساجد لطیف بٹ | میسرز ساجد میٹل ورکس باجوہ روڈ فیکٹری نمبر 80 گوجرانوالہ |
| -10 | جناب احسن محمود | میسرز عظمت پولیمرز B-16 سمال انڈسٹری اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| -11 | جناب نعیم آصف | میسرز نعیم آصف الیکٹریکل انڈسٹری شاپ نمبر 130 بزار خراداں والا گوجرانوالہ |
| -12 | جناب محمد افضل | میسرز ملک افضل میٹل سکریپ مین شیخوپورہ روڈ بلمقابل بینک نزد باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| -13 | جناب محمد ارشد | میسرز سلور سٹار میٹل کچن ویئر انڈسٹری مین شیخوپورہ گلزار کالونی عقب کھیالی پیپر بورڈ گوجرانوالہ |
| -14 | جناب عمیر پرویز | میسرز نیو ایشیاء وولن ملز 176 اے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| -15 | جناب خالد تنویر | میسرز امان فلور ملز ڈھکی سندر سنگھ نزد اعوان چوک گوجرانوالہ |
| -16 | جناب شیخ محمد نعیم | میسرز ملٹی سٹیل انٹرپرائزز پرائیویٹ لمیٹڈ B-3/247 نزد دھوبی گھاٹ گراؤنڈ سیٹلائیٹ ٹاؤن گوجرانوالہ |
| -17 | جناب محمد مردان | میسرز عبدالحمید سٹیل غازی روڈ ایمن آباد گوجرانوالہ |
| -18 | جناب عرفات اکرام | میسرز جلال ٹیکسٹائل انڈسٹری نزد موڑ ایمن آباد عقب اکرام رائس ملز جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| -19 | جناب عطاء فرید | میسرز اے ٹو زی میٹل انٹرنیشنل کچا کھیالی روڈ نزد رحمان چوک نوشہرہ سانسی گوجرانوالہ |
| -20 | جناب ظفر اقبال ڈار | میسرز یو ایس سٹیل سنٹر نزد امرتسر انجینئرنگ کو گوندانوالہ روڈ گوجرانوالہ |
| -21 | جناب قمر سہیل | میسرز انصاری ٹریڈرز نیلم کلاتھ مارکیٹ گلی قصاباں گوجرانوالہ |
| -22 | جناب جواد احمد بٹ | میسرز شجاع سٹین لیس سٹیل انڈسٹری گلہ گوگا پہلوان نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ |
| -23 | جناب محمد اسلم | میسرز اسلم اینڈ برادرز 82 بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ |
| -24 | جناب خواجہ عمر فاروق | میسرز خواجہ انٹرپرائزز 6 مین سول لائنز گوجرانوالہ |
| -25 | جناب فرحان سعید بھٹی | میسرز فرحان ٹریڈرز نزد بکر منڈی گلہ وقاص میٹل ورکس گوجرانوالہ |
| -26 | محترمہ اثناء صادق | میسرز ضرار انٹرپرائز A-79 سیٹلائٹ ٹاؤن گوجرانوالہ |
| -27 | محترمہ درخشاں عمران | میسرز ارتکاز ٹریول اینڈ ٹور پرائیویٹ لمیٹڈ سیکنڈ فلور مظہر پلازہ بینک الحبیب جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |

محمد برہان

سیکریٹری جنرل

مجلس عاملہ کا اجلاس صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس جناب ضیاء الحق کی زیر صدارت مورخہ 24 جون 2023ء کو چیمبر آف کامرس میں منعقد ہوا جس میں درج ذیل ایجنڈے پر کاروائی کی گئی۔

1- **تلاوت قرآن پاک۔**

اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کی سعادت جناب فرحان سعید بھٹی نے حاصل کی۔

2- **درود پاک کی خاموش تلاوت۔**

تلاوت کلام پاک کے بعد تمام حاضرین نے دورد پاک کی خاموش تلاوت کی۔

3- **درخواست برائے معذرت۔**

صدر جناب ضیاء الحق نے درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا پیش کرتے ہوئے پوچھا کہ کسی کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئی ہے۔سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ جناب ہشام جاوید، جناب ارسلان یوسف، جناب علی نواز خان، جناب عثمان یونس قریشی اور جناب اختر علی خان کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئیں ہیں۔اس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا منظور کرلیا۔

4- **گزشتہ مجلس عاملہ کے اجلاس کی کاروائی (مورخہ 23 جنوری 2023ء) کی منظوری**

صدر جناب ضیاء الحق نے گزشتہ اجلاس کی کاروائی کا ایجنڈا ہاؤس میں پیش کیا۔ہاؤس نے متفقہ طور پر گزشتہ مجلس عاملہ کے اجلاس کی منظوری دے دی۔ جناب آفاق ایوب نے کہا کہ جو پچھلی میٹنگ ہوئی تھی اس کے متعلق ابھی تحفظات ہیں کہ وہ میٹنگ کے منٹس مکمل نہیں لکھے گئے جن میں ممبران کی غیر حاضری اور ڈی سیٹ کرنے کے حوالے سے کسی فیصلے کا ذکر نہیں کیا گیا۔اس پر سیکریٹری جنرل وضاحت کردیں۔اس حوالے سے سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ منٹس کے صفحہ 4 اور 5 پر تفصیلی ذکر موجود ہے چونکہ جناب خواجہ عمر نے DGTO آفس سے رجوع کرلیا تھا اور پھر معزز DGTO آفس کیطرف سے خواجہ عمر فاروق کی سیٹ بحال کردی گئی تھی لہٰذا اب چونکہ معاملہ حل ہو چکا ہے۔اس لئے اس کا ذکر موجودہ میٹنگ میں کیا جانا تھا تو لہٰذا اسی میٹنگ کے منٹس میں ڈی جی ٹی او کے فیصلے کا ذکر لکھا جائے گا۔اس کے بعد ہاؤس نے گزشتہ مجلس عاملہ کے اجلاس کی متفقہ طور پر منظوری دے دی۔

5- **آمدن واخراجات کی منظوری برائے ماہ جنوری، فروری، مارچ اور اپریل 2023ء (لف ہے)**

صدر جناب ضیاء الحق نے آمدن واخراجات کی منظوری برائے ماہ جنوری، فروری، مارچ اور اپریل 2023ء کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ہاؤس نے متفقہ طور پر آمدن واخرجات کی منظوری دے دی۔

6- **رکنیت کیلئے موصولہ درخواستوں کی منظوری**

صدر جناب ضیاء الحق نے رکنیت کیلئے ایسوسی ایٹ اور کارپوریٹ کلاسز کی موصول ہونے والی نئی ممبر شپ کی درخواستیں منظوری کیلئے ایوان میں پیش کیں ہاؤس نے متفقہ طور پر ممبر شپ کیلئے موصول ہونے والی درخواستوں کو منظور کرلیا۔

-7 20 سال پرانے ریکارڈ کو تلف کرنے کیلئے کمیٹی کی تشکیل و منظوری

صدر جناب ضیاء الحق نے 20 سال پرانے ریکارڈ کو تلف کرنے کیلئے کمیٹی کی تشکیل و منظوری کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ جناب آفاق ایوب نے کہا کہ 20 سال پرانا ریکارڈ تلف کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی۔ جناب احسن محمود نے کہا کہ ابھی اس پر کمیٹی بنانے کی بات ہو رہی ہے ریکارڈ تلف کرنے کی تو بات ہی نہیں ہو رہی۔ اس کا فیصلہ کمیٹی کریگی کہ ریکارڈ تلف کرنا ہے یا نہیں۔ جناب آفاق ایوب نے کہا کہ پھر تو ایجنڈا پوائنٹ یہ ہونا چاہیئے تھا کہ 20 سال پرانا ریکارڈ کو تلف کرنے یا نہ کرنے کیلئے کمیٹی کی تشکیل۔ جناب محمد شعیب بٹ نے کہا یہ ایجنڈا پوائنٹ ٹھیک کروایا جائے۔ صدر جناب ضیاء الحق نے سیکریٹری جنرل کو ہدایت کی کہ اس ایجنڈا پوائنٹ میں ضروری ترمیم کر دیں۔ یہ ایجنڈا پوائنٹ اس طرح پڑھا جائے، کہ 20 سالا پرانے ریکارڈ کو تلف کرنے یا نہ کرنے کیلئے کمیٹی کی تشکیل۔ ہاؤس نے متفقہ طور پر کمیٹی کی تشکیل کے اختیارات صدر صاحب کو تفویض کر دیئے۔

-8 دیگر امور

صدر جناب ضیاء الحق نے دیگر امور کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ جناب عطاء فرید نے کہا کہ ایک سال ہو گیا ہے کہ بزنس کمیونٹی کو مسائل کا سامنا ہے چیمبر کی ذمہ داری ہے کہ وہ بزنس کمیونٹی کی آواز اٹھائے۔ چیمبر کو بزنس کمیونٹی کی دادرسی کرنی چاہیئے نہ کہ اس کیلئے مشکلات کا سبب بنے۔ ہمیں مل کر FBR کسٹم کے پاس جانا چاہیئے کہ کروڑوں روپے کا غبن کیا جا رہا ہے اس پر چیمبر کو کمیٹی بنانی چاہیئے تھی تاکہ مل کر بزنس کمیونٹی کی آواز بنتے نہ کہ کوئی شرارت کرے جیسا کہ چیمبر آف کامرس کی طرف سے ایک خط 21 جون 2023ء کو کولیکٹر کسٹم سمبڑیال کو ارسال کیا گیا ہے اس طرح کا خط نہیں جانا چاہیئے تھا چیمبر کی طرف سے متعلقہ بزنس کمیونٹی کو اعتماد میں لینا چاہیئے تھا۔ جناب حمیس گلزار اس ٹریڈ سے منسلک ہیں آپ کو ان سے مشورہ کر لینا چاہیئے تھا کہ خط جانا چاہیئے یا نہیں

جناب حمیس گلزار نے کہا کہ اس خط کے متعلق مجھے علم نہیں ہے البتہ اس پر کچھ بحث چل رہی ہے۔ جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ میں جناب عطاء فرید کی بات سے متفق ہوں کہ کسی کی خواہش پر خط جانا نہیں چاہیئے بلکہ اس طرح کا خط جانے سے قبل سب دوستوں کو بلا کر مشورہ کر کے خط جاری کیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ غیر ضروری خط نہیں لکھا جانا چاہیئے تھا۔ جناب عطاء فرید نے کہا کہ میں جناب محمد شعیب بٹ کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میری بات کو سمجھا اگر کوئی حقیقت پر مبنی مسئلہ ہے تو چیمبر کا حق بنتا ہے کہ وہ اس مسئلے پر متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کو لکھے بصورت دیگر غیر ضروری خط لکھنے پر چیمبر کا تاثر غلط جاتا ہے اور بزنس کمیونٹی کا مذاق بنتا ہے۔ جناب صدر ضیاء الحق نے کہا کہ جس خط کی بابت بات ہو رہی ہے اس میں کوئی ایسی غلط بات نہیں لکھی گئی لیکن آئندہ ہم مزید احتیاط کریں گے اور مشاورت کے ساتھ خط جاری کیا جائے گا۔

جناب آفاق ایوب نے کہا کہ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ ٹیکس کولیکشن کے معاملے میں FBR اپنے ٹارگٹس حاصل کرنے کیلئے ویلتھ ٹیکس کے حوالے سے آڈٹ کے نوٹسز بھیج رہا ہے یہ ان کیسسز کے آڈٹ دوبارہ کھول رہا ہے جن کے فیصلے پہلے ہو چکے ہیں یہ ایکسر سائز بالکل ٹھیک نہیں ہے لہذا ہمیں اس معاملے کو روکنے کیلئے فوری سنجیدہ اقدامات کرنا ہونگے۔ جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ میری رائے ہے کہ اس پر ایک کمیٹی بنا دی جائے جو ٹیکس کے معاملات کو دیکھے اور ٹیکس کے معاملات کا حل نکالے اور جن کی دسترس ٹیکس حکام تک ہے انہیں اس کمیٹی میں شامل کریں۔ اس پر صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ ہم ایک دو دن میں کمیٹی بنا دیتے ہیں جس پر ہاؤس نے کمیٹی بنانے کے اختیارات صدر صاحب کو تفویض کر دیئے۔

جناب آفاق ایوب نے کہا کہ ہم ایگزیکٹیو کی میٹنگ بلانے میں کافی دیر کرتے ہیں مجھے یہ لگتا ہے کہ ہم یہ میٹنگ صرف اپنے اخراجات کی منظوری کیلئے ہی کرتے ہیں جبکہ چیمبر کے ایگزیکٹیو اجلاس کا مقصد یہ ہے کہ اگر کوئی اچانک معاشی یا کاروباری ناگہانی صورتحال پیش آئے تو فوراً ایگزیکٹیو میٹنگ کال کر لینی چاہیئے جیسا کہ بجلی اور گیس کا مسئلہ ہے، بے روزگاری بڑھ رہی ہے کیا ان حالات میں چیمبر کے پاس کوئی مربوط پالیسی موجود ہے ہمارے درمیان چیئرمین بورڈ گیپکو جناب محمد شعیب بٹ بھی موجود ہیں۔ جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ گیپکو کی حد تک تو میں بلاتفریق بزنس کمیونٹی کی ایک کال پر مسئلہ حل کرانے کی پوری کوشش کرتا ہوں۔ جناب عطاء فرید نے کہا کہ ہم بطور ایگزیکٹیو اگر یہاں بیٹھے ہیں تو لوگوں کے مسائل حل کروانا اہم ہے 7 سے 8 ماہ میں بزنس ایشوز کو ایڈریس نہیں کیا گیا۔ ہمیں مل کر اسحاق ڈار سے ملنا چاہیئے لیکن کوششوں کے باوجود ہماری ملاقات ممکن نہیں ہو پا رہی چار ماہ بعد اجلاس ہوا ہے ہمیں چاہیئے کہ ہر ایک ماہ کے اندر میٹنگ کریں اور کمیٹیاں بنائیں تا کہ جنگی بنیادوں پر مسائل کا حل تلاش کیا جا سکے اور اپنی بزنس کمیونٹی کی آواز کو بلند کیا جا سکے۔ میں چاہتا ہوں کہ جناب محمد شعیب بٹ صاحب کی رسائی حکومتی ایوانوں تک ہے تو ہماری ملاقات اسحاق ڈار صاحب سے کروائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میرے پاس ایک ویڈیو آئی ہے جس میں گوجرانوالہ کے بازاروں جن میں جناح بازار، ریل بازار و اندرون بازاروں میں بے ہنگم بجلی کی تاروں کا دیرینہ مسئلہ چل رہا ہے اس مسئلے کا حل کروایا جائے۔ صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ میں کہ ہم نے اپنے دور میں بزنس کمیونٹی کے مسائل کو حل کرنے کی اپنی طرف سے بھرپور کوشش کی ہے اور جہاں تک بازاروں میں لٹکتی تاروں کا معاملہ ہے جناب عطاء فرید نے جن بازاروں کا نام لیا ہے وہاں بہت زیادہ کام تو ہو چکا ہے یہ ویڈیو پرانی ہے کیونکہ ان بازاروں میں آپ نے جناح بازار کا بھی نام لیا ہے وہاں میری اپنی دوکان ہے مجھے معلوم ہے وہاں جو مسئلہ تھا وہ دو سال قبل حل ہو چکا ہے۔ باقی جن بازاروں میں یہ ایشوز ہے وہاں بھی یہ مسئلہ حل ہو جائیگا۔ جناب نعیم آصف نے صدر صاحب کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ جن بازاروں میں ابھی بھی مسئلہ ہے ان کی نشاندہی کروائیں ہم مل کر اس پر کام کر کے حل کروائیں گے۔ جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ بہتری کی گنجائش ہمیشہ رہتی ہے میں جناب عطاء فرید کے فون کا انتظار کروں گا مجھے آج تک کسی بھی مسئلے کیلئے کوئی فون آیا میں بغیر کسی وابستگی سے کام کر دیتا ہوں جہاں تک حکومتی ایوانوں میں رسائی کی بات ہے تو مجھ سے زیادہ جناب عطاء فرید صاحب کی رسائی ہے۔ آئیں مل کر کام کرتے ہیں اگر اسحاق ڈار صاحب نہیں مل رہے تو صدر صاحب کو آن بورڈ کریں تا کہ مل کر ہم اسحاق ڈار صاحب سے مل سکیں۔ جناب خالد تنویر نے کہا کہ ہمیں حالات کے مطابق بات کرنی چاہیئے کہ گھر کے کنکشن کیلئے ہم اپلائی کرتے ہیں جس درخواست پر لکھا ہوتا ہے کہ صرف 75 کلوواٹ کا لورڈ کی ہی اجازت ہوگی۔ جبکہ گھر میں آپ کی ایک آئٹم ہی 75 کلوواٹ سے تجاوزت کر جاتی ہے اسے آپ خود اندازہ لگائیں کہ ہمارے بازار اتنے تنگ ہیں کہ گزرنا مشکل ہے وہاں تک ٹرانسفارمر کیسے لگایا جا سکتا ہے۔ ہم سہولتیں مانگتے ہیں لیکن حالات نہیں دیکھتے ہیں۔ جناب خواجہ عمر فاروق نے جناب محمد شعیب بٹ سے کہا کہ آپ کے پاس ہوزری مارکیٹ کی بھی درخواست آئی ہے اس پر بھی خصوصی توجہ دیں جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ آپ کی درخواست آئی ہوئی ہے اس پر ورکنگ جاری ہے بہت جلد عمل درآمد ہو جائے گا۔

جناب آفاق ایوب نے صدر صاحب سے چیمبر کی پرفارمنس کے حوالے سے استفسار کرتے ہوئے کہا کہ موٹر وے لنک کا منصوبہ سابقہ حکومت کے دور میں متعدد حکومتی عہدیداران سے ملاقاتیں کر کے منظور کروانے کی کوشش کی گئیں لیکن کوئی پیش یا نتائج حاصل نہ ہو سکے جبکہ کیئر ٹیکر حکومت آئی اور 12 ارب کا موٹر وے لنک پراجیکٹ منظور دیا۔ جس پر جناب محمد شعیب بٹ نے صدر صاحب کی اجازت سے بتایا صدر صاحب کی ملاقات سے وزیر اعظم پاکستان سے ہوئی تھی جس میں موٹر وے لنک، ایکسپو سنٹر، میٹل پراسیسنگ زون، چلڈرن ہسپتال، میٹریل ٹیسٹنگ لیب جیسے بڑے منصوبوں پر عمل درآمد کروانے کے حوالے سے درخواست کی گئی تھی جس پر انہوں نے نگران وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری طور پر گوجرانوالہ موٹر وے لنک کو حکومتی منصوبوں میں شامل

کرنے کی ہدایت جاری کی اب یہ منصوبہ اے ڈی پی میں شامل ہو چکا ہے اب پنجاب حکومت اسے خود بنائے گی اور ان منصوبوں کا افتتاح بھی خود کرے گی یہ تمام اقدام چیمبر ہی کی کاوش سے ممکن ہو سکے ہیں۔ اس کیلئے بے شک آپ میرے ساتھ کمشنر، ڈی سی کے پاس چلیں وہ آپ کو خود بتائیں گے کہ یہ منصوبہ چیمبر ہی کی مدد سے ممکن ہو سکا ہے۔ جناب آفاق ایوب نے کہا کہ اگر ایسا چیمبر کی وجہ سے ہوا ہے تو میں صدر صاحب اور ان کی ٹیم کو سراہتا ہوں مزید ایک اور ایشو کیطرف آپ کی توجہ دلانا چاہوں گا کہ گوجرانوالہ اور کامونکی کے درمیان جو جی ٹی روڈ ہے اس کی حالت انتہائی ابتر ہے لہٰذا اس کی تعمیر و مرمت کے حوالے سے بھی متعلقہ اداروں کو آن بورڈ لیا جائے۔ جناب ظفر ڈار نے کہا کہ آج چونکہ ایگزیکٹو کمیٹی کا ماحول انتہائی خوش گوار رہا اور ہم آہنگی سے تمام معاملات زیر بحث لائے جا رہے ہیں میں موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے تمام ایگزیکٹو ممبران کو مورخہ 2 جولائی 2023ء کو شام 7 بجے نئے ہسپتال کے افتتاح پر کھانے کی دعوت دیتا ہوں۔ جناب محمد ارشد نے کہا کہ جی بی سی کا ہمیں کیا فائدہ ہے جبکہ ہماری مصنوعات کیلئے مستقل طور پر ایک ڈسپلے سنٹر وہاں پر ہونا چاہیئے جس پر صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ آپ کی تجویز بہترین اور قابل عمل ہے لہٰذا ہم چیئرمین بورڈ جی بی سی کو اس حوالے سے ضرور لکھیں گے۔

جناب وقاص افضل نے کہا کہ جی بی سی میں آئی ٹی انکیوبیشن سنٹر بنایا جائے جو انڈسٹری کیلئے سپلائی سورس بنے تا کہ گوجرانوالہ کو نیکسٹ لیول تک بنایا جا سکے۔ جناب حمیس گلزار نے کہا کہ آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں ہم اپنی انڈسٹریز میں جس مشین پر کام کر رہے ہیں وہ بیس سے تیس سال پرانی ہے جبکہ دنیا کے پاس 2023ء کی جدید مشینری موجود ہے میری بھی یہ رائے ہے چیمبر کی طرف سے ایک شروعات کی جائے جس میں آئیڈیاز لیکر چیمبر میں بزنس کمیونٹی ان آئیڈیاز کو فنانس کر سکتی ہے۔ جناب عمیر پرویز نے کہا کہ جناب وقاص نے جو بات کی ہے میرے دل کی بات کی ہے ہمیں سب کو مل کر ایک کمپنی بنانی چاہیئے جس پر میں آپ کے ساتھ ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گوجرانوالہ داخلی راستے جی ٹی روڈ پر کوڑے کا پہاڑ لگا ہوا ہے اس کا کوئی اور حل تو موجود نہیں لیکن اس پر گھاس وغیرہ لگ جائے تو اچھا تاثر ہو گا اس کے متعلق ضلعی انتظامیہ سے کہا جائے۔ جناب آفاق ایوب نے کہا کہ یہ باتیں کوئی نئی باتیں نہیں آپ اس کیلئے انڈسٹری اکیڈیمیہ کو آن بورڈ کریں دو سال قبل پاکستان سافٹ ویئر بورڈ سے جی بی سی انتظامیہ کی جی بی سی میں انکیوبیشن سنٹر بنانے کی بات ہوئی تھی اور معاملہ طے پا گیا تھا جو کہ بعد میں نہ معلومات وجوہات کی بنا پر ختم کر دیا اگر آپ سٹارٹ اپ کی بات کرتے ہیں تو گفٹ یونیورسٹی میں ڈاکٹر شاہد قریشی اس پر پہلے سے ہی انیشی ایٹیو لے چکے ہیں آپ اس حوالے سے ان کی خدمات لے سکتے ہیں۔ جناب رانا محمد اسلم نے کہا کہ بڑی اچھی باتیں ہوئی ہیں اس پر جو بھی کمیٹیاں تشکیل دیں اور ان میں چھوٹے کاروباری لوگوں کو بھی نمائندگی دی جائے۔ صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ رانا صاحب آپ تشریف لائیں آپ کو بہتر رسپانس ملے گا۔

جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ حکومت نے مہنگائی کے مدنظر 35 فیصد ملازمین کی تنخواہیں بڑھائی ہیں لہٰذا مہنگائی کے پیش نظر ہر صورت سٹاف کی تنخواہوں میں 35 فیصد کی شرح سے اضافہ کیا جائے۔ جناب شیخ محمد نعیم نے کہا کہ میں جناب محمد شعیب بٹ کی تائید کرتا ہوں سٹاف کی تنخواہوں میں اضافہ ضرور ہونا چاہیئے واقعی مہنگائی بہت ہو چکی ہے۔ جناب عادل ندیم نے کہا کہ چیمبر سٹاف میں سے کچھ لوگ آفس ٹائمنگ کی پابندی نہیں کرتے اور تواتر سے لیٹ آتے ہیں اور چیمبر کے ڈسپلن میں مشکلات پیدا کرتے ہیں اس سے متعلق ایشوز کو ہم دیکھ رہے ہیں تا کہ چیمبر کے ڈسپلن کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ جو سٹاف ممبرز تواتر سے لیٹ آتے ہیں ان کی تادیباً ماہانہ تنخواہ میں سے لیٹ آنے کی ٹائمنگ کے مطابق تنخواہ کاٹ لیں۔ اس حوالے سے تنخواہ کٹوتی کے متعلق ہاؤس نے منظوری دے دی۔ صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ تنخواہوں میں اضافہ کا معاملہ ہم دیکھ لیں گے اور جولائی کی تنخواہ سے اس کو لاگو کر دیا جائے گا۔ ہاؤس نے متفقہ طور پر اس کی منظوری دے دی۔

جناب محمد شعیب بٹ نے کہا کہ حج کے حوالے سے پچھلے سال یہ طے ہوا تھا کہ سٹاف میں سے جس کو بھی حج پر بھیجا جائے گا اس کے تمام اخراجات چیمبر خود برداشت کریگا۔اس سال حج پالیسی کے مطابق حج کے اخراجات پچھلے سال کی نسبت دوگنا ہو گئے۔جس پر یہ فیصلہ کرنے کی ضرورت ہے کہ آئندہ اگر کسی سٹاف ممبر کو بھیجنا ہے تو اس کیلئے حج اخراجات کے حوالے سے کیا لائحہ عمل اختیار کیا جائے۔ جناب قمر دلبر نے کہا کہ آپ حج کو ایک سال کی بجائے دو سال بعد سٹاف ممبر کو بھیج دیں۔صدر جناب ضیاء الحق نے کہا کہ اس کا اختیار مجھے تفویض کر دیں میں اس پر پہلے سے کام کر رہا ہوں۔اس حوالے سے ہاؤس نے اختیارات صدر صاحب کو تفویض کر دیئے۔

اس کے بعد کوئی اور امور زیر بحث نہ تھے صدر جناب ضیاء الحق نے جناب شیخ محمد نعیم کو دعائے خیر کرانے کیلئے کہا۔دعائے خیر کے بعد اجلاس صدر صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اختتام پذیر ہوگیا۔

محمد برہان

سیکریٹری جنرل